سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، بنوں فیز- ٹو، نزد کاشو پل، بنوں
اظہار دلچسپی برائے حصول انڈسٹریل پلاٹس
ترمیمی اشتہار

بحوالہ اشتہار خیبرپختونخوا سمال انڈسٹریزڈویلپمنٹ بورڈ بابت اظہار دلچسپی برائے حصول انڈسٹریل پلاٹس بحوالہ محکمہ اطلاعات حوالہ نمبر INF(P)-1814-2021 چھپ چکا ہے -جس کا ترمیمی اشتہار ی درج ذیل ہے

خیبرپختونخوا سمال انڈسٹریزڈویلپمنٹ بورڈ، محکمہ صنعت، تجارت و فنی تعلیم، حکومت خیبر پختونخوا کا ایک ذیلی ادارہ ہے - ادارے نے اب تک خیبر پختونخوا کے بڑے بڑے شہروں بشمول پشاور، ایبٹ آباد، مردان، بنوں، ڈی آئی خان ،مانسہرہ، ہری پور، چارسدہ، کوہاٹ، درگئ اور کرک میں 13 سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کی تعمیر مکمل کر چکا ہے جن میں صنعت کاری کا عمل کامیابی سے جاری ہے۔ اس کے علاوہ مختلف اضلاع بشمول ضم اضلاع میں مختلف مقامات پر سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کی تعمیر کا عمل تکمیل کے مختلف مراحل میں ہے

خیبرپختونخوا سمال انڈسٹریزڈویلپمنٹ بورڈ کارخانہ داروں کی دلچسپی کی بنیاد پر بنوں میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بنوں کی مکمل آبادکاری کے بعد اب کاشو پل، لنک روڈ ،بنوں کے نزدیک سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بنوں فیزٹو قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس میں پانی ،بجلی ،گیس، سڑکیں اور سیوریج نظام جیسی بنیادی سہولتوں کے ساتھ چار(4)اقساط پر انڈسٹریل پلاٹس مہیا کیے جائیں گے جن پر منصوبہ کی تکمیل کے بعد دو سال کے دوران انڈسٹریل یونٹ چلانا ہوگا۔3000 مربع فٹ، 6000 مربع فٹ،12000 مربع فٹ کے پلاٹ دستیاب ہوں گے۔

اگر آپ بھی مستقبل میں انڈسٹری لگانے کے خواہشمند ہیں تو فوری طور پر ہمیں اپنی ذاتی دلچسپی بابت انڈسٹری اور پلاٹ سائز سے مطلع کریں تاکہ ادارہ آپ کے لئے ایک بہتر صنعتی مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکے۔ **اظہار دلچسپی فارم محکمہ کےنیچے دیے گئے پتہ صوبائی و ضلعی دفاتر سے مفت حاصل کیے جاسکتے ہیں اور ادارے کی ویب سائٹ www.sidbkp.com سےڈاون لوڈ کیے جا سکتے ہیں**-فارم کے ساتھ (Rs.01 /-per sq.ft)ایک (01.00) روپے فی مربع فٹ کے حساب سے پراسیسنگ فیس(ناقابل واپسی)بصورت پے آرڈر/ڈیمانڈڈرافٹ بنام Dy. Director SIE Bannu جمع کرائی جاسکتی ہے۔ یانیچے دیئے گئے دفاتر میں نقد بھی جمع کراکر رسید وصول کی جا سکتی ہے۔ کسی بھی وجہ سے اگرسکیم مکمل نہ ہوسکی تو فارم کے ساتھ جمع شدہ رقم کی واپسی نہیں ہوگی۔

درخواستیں موصول ہونے کے بعد اسٹیٹ ڈیولپمنٹ پلان بشمول پلاٹ قیمت وغیرہ مجاز اتھارٹی کے سامنے منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا اور مجاز اتھارٹی سے اسٹیٹ بنانے کی منظوری کے بعد حتمی درخواستیں بذریعہ اشتہار مانگی جائیں گی درخواست گزار کو حتمی درخواست کے ساتھ %25ڈاؤن قیمت اور فزیبلٹی رپورٹ وغیرہ جمع کرانا لازمی ہوگی۔ پلاٹوں کی الاٹمنٹ" پہلے آئیے پہلے پائیے" کی بنیاد پر ہوگی درخواستوں کی تعدادپلاٹوں کی تعداد سے زیادہ ہونے کی صورت میں پلاٹوں کی الاٹمنٹ بذریعہ قرعہ اندازی ہوگی تاہم پہلے دلچسپی کا اظہار کرنے والوں کو ترجیح دی جائے گی اگر کسی درخواست گزار کو ایک سے زیادہ پلاٹ درکار ہوں تو اس کا فیصلہ Feasibility اور Availabilityکی بنیاد پر کیا جائے گا -اظہار دلچسپی کے فارم اخبار میں ترمیمی اشتہار آنے کے15 دن تک جائنٹ ڈائریکٹر(ا سٹیٹس)، سمال انڈسٹری ڈویلپمنٹ بورڈ پشاور، یا جوائنٹ ڈائریکٹر سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بنوں کے دفاترمیں ذاتی طور پریا بذریعہ ڈاک بھی جمع کروایا جا سکتا ہے۔

نوٹ:- درخواست بغیر پراسیسنگ فیس قابل قبول نہیں ہوگی

مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل دفاتر سے دفتری اوقات میں رابطہ بھی کیا جا سکتا ہے

1- جوائنٹ ڈائریکٹر (اسٹیٹس) خیبرپختونخوا سمال انڈسٹریزڈویلپمنٹ بورڈکوہاٹ روڈ پشاور

091-9211848 091-9211143

2- جوائنٹ ڈائریکٹر سمال انڈسٹریل اسٹیٹ ،بنوں ٹاون شپ کوہاٹ روڈ بنوں

0928-633244

مینجنگ ڈائریکٹر،
خیبرپختونخوا سمال انڈسٹریزڈویلپمنٹ بورڈ،
کوہاٹ روڈ پشاور

Scanned with CamScanner